# Abraham

# ابرہام

فرمودہ از:

ولیم میرئین برنہم

مترجم: برادر رفیع گل

Publisher: Pastor Javed George

End Time Message Believers Ministy Islamabad Pakistan

We are thankful to Gospel Way Outreach ;Kaiapoi,

New Zealand. They have given us helping hand to publish the books. Because this church has helped us to spread the End Time Message, which was given to Brother William Marrion Branham

پیغام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ابرہام

واعظ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ریورنڈ ولیم میرئین برنہم

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔24جون1955م

مترجم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔برادر رفیع گل

اشاعت۔۔۔۔۔۔۔مئی2020م

# Abraham

# ابرہام

1 دوستو شام کا سلام۔ میں آج رات پھر سے یہاں پر ہونے سے خوش ہوں۔ میں نے یو۔ایس۔اے چھوڑنے سے پہلے یہاں بہت سی بڑی عبادتیں ختم کی ہے۔ پھر جب میں گھر جاؤں گا تو میں کچھ آرام کروں گا، اگر خداوند کی مرضی ہوئی تو۔ تاہم ہم یہاں سوِزرلینڈ میں آپ جیسے عمدہ لوگوں کے درمیان ہونے سے یقیناً شکرگذار ہیں۔

میں ہر طرف جہاں کہیں میں نے سفر کیا ہے میرا ایمان ہے، میں نے سوِزرلینڈ میں ملنے والے لوگوں سے زیادہ بہتر لوگ کبھی نہیں دیکھے۔ یہ سچ ہے۔ میرا یہ مطلب ہے۔ مجھے یہ نہیں کہنا پڑا، لیکن یہ میرے دِل کا مطلب ہے۔ لیکن ہمارا یہ بھروسہ ہیں کہ خداوند آپ کو بہت زیادہ برکت دے گا، اور مجھے اُمید ہے کہ میں آپ کے لیے ایسے ہی برکت ہوں گا جیسے آپ میرے لیے ہیں۔ اور اگر خدا نے چاہا، مستقبل میں شاید کوئی وقت آئے، شاید، میں دوبارہ یہاں واپس آسکوں، اور زیادہ عرصہ آپ کے ساتھ رہوں۔ صرف اور دوراتوں کی عبادت، اور پھر مجھے توقع ہے کہ مجھے جانا پڑے گا۔

2 اور یہ عام طور پر اِسی طرح ہوتا ہے، جیسے ہی آپ کی لوگوں کے ساتھ واقفیت ہوتی ہے، پھر آپ کو خدا حافظ کہنا پڑتا ہے۔ لیکن مجھے امید ہے کسی دن جہاں---یا ہم سب ایک زبان بولیں گے، ہم بوڑھے کبھی نہیں ہوں گے، نہ ہی بیمار، نہ ہی کبھی موت آئے گی۔ ہم دوبارہ ملیں گے، اور پھر

میں آپ ہر کسی کے ساتھ ایک ہزار سال کے لیے ایک ملاقات کرنی چاہوں گا۔ پھر ہمارے پاس بہت سا وقت ہوگا۔ یہ دن ہے؛ اِس دن کے دوران ہمیں کام کرنا ضرور ہے۔ وہ رات آنے والی ہے جب کوئی آدمی کام نہ کرے گا۔

اب، یہاں بہت سے خط پڑے ہیں، اور ہم شکر گذار ہیں کہ آپ کا ایمان خدا پر ہے۔ اور اب، کچھ نہیں سمجھیں گے لیکن یہ --- یہ نہیں ہیں جو کچھ ہمارے پاس ہیں ہم اِن خطوں پر رکھیں گے، یہ صرف خدا کے کلام کی فرمانبرداری ہے۔ میرے پاس لوگوں کے گھروں پر ایسی ہزاروں گواہیاں ہیں جو لوگ اِس طریقے شفایاب ہوئے۔ خدا اپنے کلام کا لحاظ کرتا ہے۔

3 اب، ہم اُن کے لیے دعا کرنے لگے ہیں، اور میں دعا کرتا ہوں کہ خدا ہر ایک کو برکت دے گا۔ کیا آپ میرے ساتھ اپنے سروں کو جھکائیں گے، اور میرے ساتھ دعا کریں گے؟ خدا آپ کی بھی، دعا سُنے گا۔

4 ہمارے آسمانی باپ۔۔۔؟۔۔۔ اور جیسے ہی ہم اِن رومالوں پر دعا کر رہے ہیں، آپ کی روح ہمارے اُوپر آ جائے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہاں ہم میں ایسا کوئی آدمی نہیں، جو آپ کے کلام کی فرمانبرداری کرتا ہو۔ سانپ والے بانس میں کوئی طاقت نہ تھی۔ نہ ہی اِس بانس میں طاقت جو یہاں لٹک رہا ہے۔ لیکن جو اُس پر نظر کرتا ہے زندہ رہتا ہے، یہ صرف خدا کے کلام کی فرمانبرداری تھی۔ اوہ خدا، آسمانوں وزمین کے خالق، چاہے یہ اِس جیسے ہوں، جب یہ بیمار لائے گئے ہیں، اُن میں سے ہر ایک شفا یاب ہو جائے۔ اگر ہم آپ کے خادم آپ کی نظرِ کرم پالیں، ایسے ہی ہو، باپ۔ یسوع کے نام میں۔ آمین۔

5 میں سمجھ سکتا ہوں، کہ پچھلی رات ہمیں تھوڑی دیر ہوگئی۔ پچھلی شام ہمارے گروپ کے کسی فرد نے مجھے بتایا تھا، کہ بہت سے لوگوں نے 9:30 پر ٹرین پکڑنی تھی۔ میں معذرت خواہ ہوں کہ

میں نے آپ کو دیر کرائی۔ میرا یہ کرنے کا مطلب نہیں تھا، میں--- لیکن میں آج وقت کے ساتھ چلوں گا۔ مہربانی سے، مجھے معاف کریں۔

ہم اِس بائبل میں سے پڑھتے ہیں: پیدائش 22 باب میں، ساتویں آیت سے شروع کرتے ہیں،

تب اضحاق نے اپنے باپ ابرہام سے کہا اے باپ! اُس نے جواب دیا کہ اے میرے بیٹے میں حاضر ہوں۔ اُس نے کہا دیکھ آگ اور لکڑیاں تو ہیں پر سوختنی قربانی کے لیے برہ کہاں ہے؟ ابرہام نے کہا اے میرے بیٹے خدا آپ ہی اپنے واسطے سوختنی قربانی کے لیے برہ مہیا کرلے گا۔ سو وہ دونوں آگے چلتے گئے۔

اب چودہویں آیت سے۔

اور ابرہام نے اُس مقام کا نام یہوواہ یری رکھا چُنانچہ آج تک یہ کہاوت ہے کہ خداوند کے پہاڑ پر مہیا کیا جائے گا۔

6 کیا ہم اپنے سر دوبارہ جُھکائیں گے؟ قادرِمطلق خدا، آسمانوں وزمین کے خالق، تمام اچھے روحانی تحفے دینے والے، ابدی زندگی کے مُنصف، اپنی برکت اپنے کلام پر بھیجے۔ بولنے والے ہونٹوں کا ختنہ کر، اور اِن دلوں کی سُن، اور آج رات خدا کا بیج دلوں میں بویا جائے، اور بہت سے خداوند یسوع پر ایمان لائیں، اور اپنی بیماریوں سے شفایاب ہوں۔ یہ سب کچھ ہم یسوع کے نام میں مانگتے ہیں۔ آمین۔

اب، آپ مجھے دیکھتے ہیں کہ میں زیادہ دیر نہیں لوں گا۔ میرے لیے وقت کو دیکھیں۔ میں نے ابھی وہاں پیچھے منتظموں کو اپنے لیے وقت دیکھنے کے لیے کہا تھا۔

7 ہم آج رات پھر ابرہام کے متعلق بولنا چاہتے ہیں۔ اور میں بائبل کے اِن پُرانے

کرداروں کو پیار کرتا ہوں، کیونکہ تمام پُرانا عہد نامہ نئے عہد نامے کا ایک عکس ہے۔ تمام چیزیں جو آپ وہاں پیچھے دیکھتے ہیں وہ صلیب کی طرف اشارہ تھا، اور پھر یہ تمام چیزیں پیچھے صلیب کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ پھر صلیب پر، تمام نجات اور شفا کا منصوبہ ایمانداروں کے لیے مکمل ہوا تھا۔

اب، پچھلی رات ہم نے ابرہام کو کہاں چھوڑا تھا وہاں جہاں اُس نے عہد باندھا--- عہد کی تصدیق ہوتے دیکھا۔ کیسے ہم پاتے ہیں کہ خدا نے اُسے ایک وعدہ دیا، اور ابرہام اِس پر ایمان لایا، اگرچہ اُس نے اُسے اُسی وقت عطا نہ کر دیا، لیکن اُس نے اُسے وعدہ دیا۔ پس اگر آپ وعدہ حاصل کر لیں، آپ اِسے کسی نہ کسی طرح پائے گے۔

8 اگر میں کہوں۔۔۔ (کیا آپ کے پاس یہاں بلوط کے درخت ہیں؟ بلوط کے درخت یہاں؟ ہاں؟ اوہ۔) اگر آپ مجھے ایک بلوط کے لیے پوچھیں، اور میں آپ کو ایک بلوط دُوں گا، آپ کے پاس پہلے ہی سے ایک بیج کی شکل میں ایک بلوط کا درخت ہے۔ اور یہ کیا ہے ہم بائبل کے کلمے سے تبلیغ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اِس لیے یہ بیج کی شکل میں خدا کا وعدہ ہے۔

یسوع نے کہا کہ خدا کا کلام ایک بیج ہے جو کہ ایک بیج بونے والے نے بویا۔ اور کوئی--- کوئی خدا کا الٰہی وعدہ آپ کے دلوں میں حاصل ہوگا نہیں--- نہیں غیر ایماندار اِسے گڈ مڈ کر دیتے ہیں، یہ اِسے پیدا کرے گا جو اُس نے وعدہ کیا تھا، کیونکہ یہ خدا کا وعدہ ہے۔ بس اِسے ابرہام کی طرح تھامے رہو، اور وہ اِسے آپ کے لیے حقیقی بنائے گا۔

9 اب، آپ لوگوں کے لیے جو یہاں ساتھ ساتھ ہیں، اپنی کرسیوں اور اسٹریچر پر بیٹھے ہوئے، خدا آپ سے پیار کرتا ہے۔ کوئی مسئلہ نہیں کہ آپ کے ساتھ کیا غلط ہوا ہے، خدا، اگر--- اگر وہ قادرِ مطلق خدا ہے، وہ سب کچھ کر سکتا ہے، اور اگر وہ تمام چیزیں نہیں کر سکتا، پھر وہ قادرِ مطلق خدا نہیں ہے۔ میں یہاں کھڑا نہیں ہوں گا اور نہ آپ سے بولوں گا، جب تک میں یہ نہ جانوں کہ میں

کیا بول رہا ہوں۔ میں---

آپ نے توجہ دی، اب ہر رات اُن میں سے کوئی اسٹریچر والا یا ویل چیئر والا، مفلوج، یا اُن میں سے کوئی جس کے ساتھ کچھ غلط ہوا ہوا اُٹھتا ہے۔ وہ اچھی طرح سے باہر جاتے ہیں، بہرے سُنتے، اندھے دیکھتے، اور زندہ خدا کے نشانات۔ دیکھیں، خدا اب بھی زندہ ہے۔ خدا کبھی بھی زمین کو نہیں چھوڑتا۔ کئی بار وہ اپنے آدمی کو لیتا ہے، لیکن کبھی بھی اپنی روح کو نہیں لیتا۔ اُس نے ایلیاہ کو لے لیا، اور اُس کی روح الیشع پر آئی۔ کئی سو سالوں بعد، یہ یوحنا بپتسمہ دینے والے پر آئی، اور پیش گوئی کی کہ آخری دنوں میں یہ دوبارہ آئے گی۔ خدا نے اِس کا وعدہ کیا ہے۔

10 اب، شیطان، وہ اپنے آدمی کو لیتا ہے، اور یہ --- روح یہاں کسی دوسرے پر رہتا ہے۔ یسوع نے فریسیوں سے کہا، کیونکہ وہ اُس کا یقین نہیں کرتے تھے۔ اُس نے --- اُس نے --- اُس نے اُن کو تعلیم نہ سیکھائی۔ اُس نے کہا" تم اپنے باپ ابلیس سے ہو"۔ کہا،" تمہارے باپ دادا میں سے کس نے نبیوں کو نہیں سُتایا؟" دیکھیں، روح یہاں رہتا ہے، اور --- شخص اُوپر چلا جاتا ہے، پھر دوبارہ جی اُٹھنا عدالت ہے۔

اب، ابرہام وہ پہلا تھا جو ایک دوسرے ملک میں گیا اور --- اور صرف خدا کے وعدے کے ساتھ زندہ رہا۔ لیکن اُس نے اپنے آپ کو دُنیا کی تمام رفاقتوں سے الگ رکھا، اور اکیلا خدا کا دوست ہوتے ہوئے اُس کے ساتھ چلا۔

11 پچھلی رات ہم نے پایا کہ خدا وعدے کی تصدیق کیسے کرتا ہے، اور ہم نے وہاں ایک خوبصورت تصویر پائی جو اُس نے کلوری پر دیکھائی، جہاں وہ اپنے بیٹے کو پیش کرنے جا رہا تھا۔ پھر ہم اُسے دوبارہ ابرہام پر ظاہر ہوتے پاتے ہیں، اور اُسے بتایا کہ وہ الشدائی تھا، تا کہ ابرہام اُس کے لیے ایک بچے کی طرح ہو، اور اُس سے مضبوطی حاصل کرے، کیونکہ ابرہام بوڑھا تھا۔ وہ پہلے ہی

ایک سو سال کا تھا، اور سارہ نوے سال کی تھی۔ایک عورت کی زندگی میں تبدیلی چالیس سال یا پچاس سال بعد ہوتی ہے۔اُس کی شادی اُس سے اُس وقت ہوئی تھی جب وہ ایک چھوٹی سی لڑکی تھی،اور وہ اُس وقت صرف ایک جوان مرد تھا۔اور اُن دونوں نے شوہر اور بیوی ہوتے ہوئے یہ تمام سال گذارے تھے۔پھر جب اُس کی زندگی کا بدلاؤ ختم ہوا، پھر چالیس سال گذر گئے،اور وہ پھر بھی خدا کے وعدے پر ایمان رکھتے تھے۔یہ---یہ حیران کُن ہے۔

12 یہ ایمان کی قسم ہے جو ہم تمام چاہتے ہیں۔اِس کے متعلق بحث نہ کریں۔یہ۔۔۔بائبل میں بحث نہیں ہوتی۔یہ۔۔۔بائبل زندہ رہتی ہے اور اِس کی تبلیغ ہوتی ہے۔یسوع نے کہا،''اگر میں اپنے باپ کے کام نہیں کرتا،تو میرا یقین نہ کرو۔لیکن اگر میں اپنے باپ کے سے کام کرتا ہوں ،پھر کلام کا یقین کرو''۔اور آج،اگر ہم مسیحی زندگی بسر نہیں کرتے،اچھا پھر،لوگ کہہ سکیں گے ہم مسیحی نہیں ہیں۔لیکن اگر مسیح آپ میں ہے،وہ اپنی زندگی آپ میں بسر کرتا ہے۔

13 جیسے پولس نے کہا،''یہ میں اور نہیں،لیکن مسیح مجھ میں جیتا ہے''۔اور اگر مسیح ایک مرد میں جیتا ہے،وہ۔۔۔مسیح اپنی زندگی جیتا ہے جیسے اُس نے کیا جب وہ یہاں زمین پر تھا،جس کے لیے اُس نے اِس طرح کہا۔اُس نے کہا،''تھوڑی دیر باقی ہے کہ دُنیا مجھے پھر نہ دیکھے گی مگر تم مجھے دیکھتے رہو گے۔کیونکہ میں دُنیا کے آخر تک تمہارے ساتھ ہوں گا۔اور جو کچھ میں کرتا ہوں،تم بھی کرو گے''۔اور وہ مردوں میں سے جی اُٹھا،اور وہ اب یہاں اُسی قدرت کے ساتھ موجود ہے جو وہ اُس وقت رکھتا تھا جب یہاں زمین پر تھا،وہی چیزیں کر رہا ہے،اُسی قسم کے لوگوں کو بچا رہا ہے،اُسی قسم کے بیماروں کو شفا دے رہا ہے،اُسی طرح کی رویا دیکھا رہا ہے۔

14 اور نئے عہد نامہ میں،اور---جب پہلی کلیسیا کی شروعات ہوئی،پطرس نے کلیسیا میں تبلیغ کرتے ہوئے کہا،خداوند فرماتا ہے کہ،''آخری دنوں میں میں اپنے روح کو ہر بشر پر ڈالوں گا۔اور

تمہارے بیٹے اور بیٹیاں نبوت کریں گی۔اور تمہارے جوان رویا دیکھیں گے"۔خدا نے وعدہ کیا تھا، جو چیزیں یسوع نے کی آخری دنوں میں دوبارہ ہوں گی۔اور ہم اُسی دن میں رہ رہے ہیں۔

یسوع نے کبھی بھی دعویٰ نہ کیا کہ وہ ایک بڑا شفا دینے والا ہے۔اُس نے ساری تعریف خدا کو دی۔اور اُس نے کہا،"میں اپنے آپ کچھ نہیں کرتا"۔جب اُس سے سوال ہوا کہ کیوں اُس نے تمام بیماروں کو اچھا نہ کیا۔

15 جب وہ بیت حسدا کے حوض کی طرف گیا، وہاں ہزاروں لوگ پڑے تھے، لنگڑے، مڑے ہوئے، اور کمزور، اور اندھے۔وہ اُن کے درمیان گیا، یہاں تک کہ اُس نے ایک آدمی کو بستر پر پڑے پایا۔اُس نے اُسے اچھا کر دیا اور باقیوں کو چھوڑ دیا۔یہ مقدس یوحنا 5 باب میں ہے۔اور انیسویں آیت میں، اُس سے سوال پوچھا گیا۔اُس نے کہا،"میں تم سے سچ کہتا ہوں، کہ بیٹا آپ سے کچھ نہیں کرسکتا۔سوا اُس کے جو باپ کو کرتے دیکھتا ہے، کیونکہ جن کاموں کو وہ کرتا ہے انہیں بیٹا بھی اُسی طرح کرتا ہے"۔

مسیح کا خدا پر کامل ایمان تھا۔یسوع صرف جسم ہے، اور خدا اُس میں تھا۔بائبل فرماتی ہے کہ خدا مسیح میں تھا، دُنیا کو واپس اپنی طرف لا رہا ہے۔

16 اب، ابرہام، جیسے ہی اُس کو وعدہ ملا، اُس نے سفر کیا، اُس کے بعد--- خدا نے اُس کے ساتھ وعدے کی تصدیق کی۔لوط کو اپنے سے جُدا کرنے کے بعد؛ پھر ہم اُسے پیدائش کے اٹھارہویں باب میں دیکھتے ہیں، لوط سدُوم اور عمورہ میں گیا، آج کے نیم گرم ایمانداروں کی ایک خوبصورت قسم جو دُنیا کی چیزوں سے پیار کرتے ہیں۔بائبل فرماتی ہے،"اگر تم دُنیا سے اور اُس کی چیزوں سے محبت کرتے ہو، تو خدا کی محبت تم میں نہیں"۔

پھر لوط اُن کی طرف گیا جو اپنی غلطیاں دوہراتے ہیں۔لیکن ابرہام ٹھہرا رہا جہاں خدا نے

اُسے رکھا تھا، کیونکہ وہ جانتا تھا کہ خدا نے اُس سے وعدہ کیا ہے کہ تمام چیزیں اُس کی میراث ہونے جارہی ہیں۔

17 پھر--- زمینیں ویران تھیں۔ یقیناً جانوروں کا ریوڑ بہت دُبلا پتلا تھا۔ ایک دن جب ابرہام ممرے کے بلوطوں کے نیچے بیٹھا تھا، اُس نے اپنی آنکھیں اُٹھائی، اور تین آدمیوں کو، اپنے سامنے کھڑے پایا۔ اور اُن میں سے ایک قادرِ مطلق خدا خود تھا۔ میں حیران ہوں کہ کیوں خدا نے اپنے آپ کو مٹی والی حالت کے ساتھ اُس پر ظاہر کیا۔ ابرہام نے اُسے اندر آنے کی دعوت دی، اور وہ گیا اور ایک بچھڑا ذبح کیا، گوشت کو پکایا، کچھ مکھن اور کچھ دودھ لیا، اور سارہ گئی اور ٹکیہ بنائی، اور اُن کے سامنے اُن کو رکھا۔ اور قادرِ مطلق خدا نے ایک آدمی کی طرح کھانا کھایا۔

کیا آپ نے تصور کیا کہ خدا نے وہاں کیا کیا۔ وہ سیدھا باہر گیا اور کچھ پٹرولیم، اور ہاتھ بھر ایٹمز (Atoms) لیے، (پٹرولیم، آپ جانتے ہیں، تیل اور مواد) [برادر برنہم مُترجم سے بولتے ہیں--- ایڈیٹر۔] اور حاصل کی--- خلائی روشنی، جس سے انسانی بدن تیار کیا، اور اِسے اکٹھا کیا، اور اِس میں زندگی ڈالی۔ یہ ایک سابقہ منظر تھا کہ وہ کیا تھا--- کیا وہ کیسے کرنے جا رہا تھا۔ وہ مسیح یسوع کے جسم کے لیے تصدیق کر رہا تھا۔

18 اوہ، وہ حیران کُن ہے۔ کسی جلالی دن ہمارے یہ بدن واپس جائیں گے جہاں سے وہ آئے تھے۔ لیکن اگر ہماری روح خدا کے ساتھ درست ہے، دوبارہ زندہ ہونے پر ہر ایک دوبارہ واپس آئیں گے۔

کسی اور دن میں--- میں بالوں میں کنگی کر رہا تھا، اور میری بیوی نے کہا، ''بلی، تم اپنے بہت سے بال کھو چکے ہو''۔

میں نے کہا، ''لیکن، پیاری، میں نے اُن میں سے ایک کو بھی نہیں کھویا''۔

اُس نے کہا،''وہ اب کہاں ہیں''؟

میں نے کہا،''جہاں تھے---جہاں وہ مجھے ملنے سے پہلے تھے؟وہ اب دوبارہ جی اُٹھنے کے لیے میرا انتظار کررہے ہیں''۔آمین۔وہ ایک وقت میں نہ تھے۔پھرایک وقت میں وہ تھے۔ اب،اِس وقت وہ نہیں ہیں۔لیکن بائبل کے مطابق،ایک وقت آئے گاجب وہ دوبارہ آئیں گے۔

19 میں کسی اوردن ایک ڈاکٹر سے ملا۔میں نے کہا،''ڈاکٹر،کیا یہ درست ہے ہر وقت جب ہم کھاتے ہیں،ہم خون پیدا کرتے ہیں---اپنے بدنوں میں خون کے خلیے جوہمیں بڑھاتے ہیں''؟

اُس نے کہا،''یہ درست ہے''۔

میں نے کہا،''میں نے آپ سے ایک سوال پوچھا۔میں اب بھی اُسی قسم کی خوراک کھا رہا ہوں جو میں سولہ سال کی عمر میں کھاتا تھا۔جب میں سولہ سال کا تھا، میں خوراک کھاتا تھا،میں نشونما پاتا،مضبوط ہوتا،بڑا ہوتا تھا۔اوراب، میں اُسی طرح کی خوراک کھاتا ہوں،شاید اِس سے اور زیادہ بہتر،اور میں پہلے سارے وقت سے اور زیادہ کمزور اور بوڑھا ہورہا ہوں''۔میں نے کہا،''اِس کی وضاحت کرے''۔یہ سائنسی نہیں ہے۔

اگر اس گلاس میں پانی ہو،اور آپ اِس میں مزید انڈیل دے،یہ اُوپر تک،اُوپر تک بھرتا جاتا ہے۔لیکن ایسا کیوں ہے،یہ ایک مخصوص نشان تک بھرتا ہے،اور آپ اِس میں اور پانی بھرتے ہے،اور یہ نیچے گرتا ہے؟ کیونکہ خدا نے کہا،اِس کی وجہ ہے۔خدا کا ایک راستہ ہے۔بالکل اِس پھول کی طرح،یہ اُوپر جاتا ہے؛یہ پوری طرح اپنی جوانی تک آتا ہے،پھر یہ مُرجھانا شروع کردیتاہے،لیکن یہ دوبارہ آتا ہے۔

20 اب،جب خدا نے ابرہام کو بتایا جب وہ ایک جسم میں اُس سے مِلا،اُس کو اُس کے پاؤں کی مٹی کو صاف کرنے کے لیے پاؤں دھونے پڑے۔بائبل فرماتی ہے کہ یہ خدا تھا---اور اُس کی کمر

ڈیرے کی طرف تھی؛ اُس نے کہا،''ابرہام، سارہ کہاں ہے''؟

کہا، وہ ڈیرے میں ہے''۔

اُس نے کہا،''اور زندگی کے مطابق، جیسے یہ عورتوں کے ساتھ ہے، میں تم سے ملاقات کروں گا''۔اور سارہ نے یہ سُنا۔اور جب سارہ نے یہ سُنا، وہ اپنے دل میں ہنسی، اُونچی آواز میں نہیں۔بائبل فرماتی ہے کہ اُس کی کمر ڈیرے کی طرف تھی جہاں سارہ تھی، اور اُس نے ابرہام کو دیکھا، کہا،''سارہ کیوں ہنسی''؟

دیکھیں میرا کیا مطلب ہے؟ خدا ساری چیزوں کو جانتا ہے۔وہ جانتا ہے کہ آپ کیا ہے۔وہ جانتا ہے کہ آپ کے ساتھ کیا غلط ہے۔یہ ہمیشہ سے خدا کا ایک نشان رہا---؟--- دیکھیں، پیش بینی کرنا، پیش گوئی کرنا، کنویں پر بیٹھی عورت کو دیکھیں، جب یسوع نے اُسے بتایا کہ وہ پانچ شوہر کر چکی ہے۔کیوں--- کیوں اُس نے کہا،''میں جانتی ہوں کہ مسیح جب آئے گا تو ہمیں سب باتیں بتا دے گا''، لیکن اُس نے سوچا کہ وہ ایک نبی ہے، لیکن اُس نے اُسے بتایا کہ وہ خدا کا بیٹا ہے۔اور وہ آج بھی یکساں ہے۔یہ خدا کا بیٹا وہاں ابرہام کے ساتھ تھا، جسم میں ظاہر ہوا۔ اوہ، مجھے اُمید ہے کہ آپ اِسے دیکھ رہے ہیں۔

21 اب توجہ دیں، پھر خدا نے یہ بتایا، یہ پھرا اگلا مہینہ ہوگا۔اور اگلے مہینے یہ سارہ کے ساتھ تھا جیسے یہ عورتوں کے ساتھ ہے، اِس کے بعد چالیس سال گذر چکے تھے۔میں یہاں آپ کی توجہ ایک اور چھوٹی سی چیز کی طرف کرانا چاہتا ہوں۔میں جانتا ہوں، میرے بھائیوں، آپ اِس پر تنقید کریں گے، لیکن میں چاہتا ہوں کہ آپ صرف ایک لمحے کے لیے خاموش رہیں، اور اپنے گھروں کو جانے سے پہلے اِس کو دیکھیں۔دیکھیں وہاں ابرہام سے خدا نے کیا کیا، جب اُس نے وعدہ دیا۔

اب، ہم سب جانتے ہیں کہ سارہ کے ساتھ کچھ ہوا تھا۔وہ تقریباً ایک سو سال کی تھی۔

اب، جب آپ بائبل پڑھتے ہیں، اگر آپ کے پاس تجربہ صرف کسی سکول یا کسی سیمنری سے آیا ہو، پھر آپ کے پاس کسی چیز کا فقدان ہوگا۔

22 سُنیں، سب سے پہلے آپ کو خدا کے روح سے دوبارہ پیدا ہونا ہوگا۔ اگر آپ نہیں ہوئے، آپ کبھی بھی خدا کے کلام کو نہیں سمجھ سکیں گے۔ خدا نے اِس طرح کہا تھا۔ خدا نے فرمایا، ''میں نے اِس بائبل کو داناؤں اور عقل مندوں سے چھپایا، اور بچوں پر ظاہر کی اُن پر جو ایمان لائیں گے''۔ اگر آپ کچھ خدا سے حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو بچے بن جائیں۔ بائبل کو کھولیں۔ یسوع کے ساتھ پیار کریں۔

23 اب، جب میری بیوی مجھے ایک خط لکھتی ہے، اچھا، میں اِسے پڑھتا ہوں۔ اور وہ اِس طرح سے شروع کرتی ہے، ''پیارے بلی، میں آج رات یہاں بیٹھی ہوں۔ میں تمہارے بارے میں بہت کچھ سوچ رہی ہوں''۔ یہ کیا ہے وہ کاغذ میں سے کہہ رہی ہے، لیکن میں بتا سکتا ہوں کہ وہ اصل میں کیا کہہ رہی ہے، وہ کیا لکھ رہی ہے۔

بائبل، آپ ضرور پڑھیں کہ یہ کیا کہہ رہی ہے، کیونکہ خدا نے اِسے اُن سے چھپایا جو صرف اکیلے کلام کو پڑھتے ہیں۔ میں بائبل کا حوالہ دے رہا ہوں کہ اُس نے اِسے داناؤں اور عقل مندوں کی آنکھوں سے چھپایا، اور اِسے بچوں پر ظاہر کیا ایسوں پر جو اِسے سیکھیں گے۔ یہ سب کچھ ہمیشہ پڑھا جاتا ہے کہ بائبل نے کہا، ''آمین''۔ [جماعت کہتی ہے، ''آمین''۔---ایڈیٹر۔] پھر یہ بچہ ہے جو اپنے آپ کو عاجز بنائے گا، متکبر نہیں، لیکن عاجز بنیں، اور کہیں، ''خداوند، میرا اِس پر ایمان ہے''۔

24 ایک میرا دوست، جون سپرول، وہ ایک چھوٹے عرصے کے لیے فرانس میں آیا۔ میرا یقین ہے یہ لاسالے، لورین۔ اور وہ ایک باغ میں گیا، اور وہاں ایک یسوع کا مجسمہ تھا---